29جون2022ء

اسٹیٹ بینک نے ڈجیٹل میڈیا کے ذریعے کاشت کاروں کی مالی تعلیم اور آگاہی بڑھانے کا پروگرام شروع کر دیا

بینک دولت پاکستان نے ملک بھر میں اور خصوصاً کم مالی خدمات والے علاقوں میں کاشت کار کمیونٹی میں آگاہی پیدا کرنے کی غرض سے زرعی قرضوں کی مصنوعات اور طریقوں کے متعلق قومی اور علاقائی زبانوں میں ویڈیوز کی ایک سیریز متعارف کرائی ہے۔ ان ویڈیوز کو اسٹیٹ بینک اور زرعی قرضے دینے والے تمام بینکوں کے سوشل میڈیا اور ڈجیٹل پلیٹ فارموں پر جاری کیا جائے گا۔

زرعی قرضوں کی مصنوعات اور خدمات کے متعلق کاشت کاروں میں آگاہی کی کمی بینکوں کو دیہی مارکیٹوں تک رسائی اور کاشت کار کمیونٹی کی باضابطہ مالی خدمات تک رسائی کو بڑھانے میں درپیش چیلنجوں میں سے ایک ہے۔ لہٰذا، صلاحیت سازی اور آگاہی پیدا کرنے کو ملک میں زرعی قرضوں کو فروغ دینے اور ان کی ترقی کے لیے اسٹیٹ بینک کے مختلف اقدامات میں خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ اسٹیٹ بینک کاشت کاروں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کی آگاہی اور صلاحیت سازی کے لیے مختلف پروگرام منعقد کر رہا ہے، تاہم، کاشت کار کمیونٹی میں ابھی تک نچلی سطح پر باضابطہ مالی خدمات سے فائدہ اٹھانے اور ان کا بہترین استعمال کرنے کے حوالے سے آگاہی کی کمی موجود ہے۔

آگاہی کے اس فقدان اور اسٹیٹ بینک کی مہمات کی وسعت بڑھانے کے لیے ڈجیٹل میڈیا کے امکانات سے استفادہ کیا جا رہا ہے۔ ملک بھر میں انٹرنیٹ کی تیزی سے سرایت اور اسمارٹ فونز کے استعمال میں اضافے کے نتیجے میں محدود رسائی والے روایتی آگاہی پروگراموں پر انحصار کے بجائے معلومات کی ترسیل کے لیے ڈجیٹل پلیٹ فارموں کو استعمال کرنے کے مواقع بڑھے ہیں۔ اس ڈجیٹل ذریعے کا استعمال نہ صرف بروقت اور کم لاگت کے ساتھ زیادہ سے زیادہ سامعین تک پیغام پہنچانے میں معاون ثابت ہوتا ہے، بلکہ اس سے ایسے پیغامات کو سمجھنے اور اسے محفوظ رکھنے کی شرح بھی بڑھ جاتی ہے۔

اس سلسلے کی پہلی ویڈیو میں ملک میں کاشت کاروں کے طرز فکر کو مد نظر رکھتے ہوئے زرعی قرضوں کے مجموعی منظرنامے، اسٹیٹ بینک کے اقدامات اور حکومت پاکستان کی اسکیموں کا احاطہ کیا گیا ہے۔ کم مالی خدمات کے حامل متنوع علاقوں میں قرضوں تک رسائی بڑھانے کی ضرورت کے پیش نظر اس ویڈیو کا اردو کے علاوہ تین علاقائی زبانوں میں ترجمہ بھی کیا گیا ہے، جن میں سندھی، بلوچی اور پشتو شامل ہیں۔ سیریز کی اگلی دو ویڈیوز میں فصلی اور غیر فصلی شعبے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے جن میں زرعی قرضوں کی مصنوعات کے بارے میں معلومات شامل ہیں اور دونوں طبقات کے لیے مطلوبہ طریقوں اور دستاویزات کے متعلق مفصل معلومات دی گئی ہیں۔

توقع ہے کہ ان ویڈیوز سے کاشت کار برادری کو بینکوں سے قرض لینے میں ہچکچاہٹ پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔ مزید برآں، اسٹیٹ بینک کے اقدامات اور وسیع تر رسائی کے حصول کے لیے زرعی قرض دینے والے بینکس بھی ان ویڈیوز کو اپنے سوشل اور ڈجیٹل میڈیا کے ذرائع پر جاری کریں گے، جس سے بینکوں کی حوصلہ افزائی ہوگی کہ وہ بھی زرعی کاروباروں کے متعلق اپنی پروڈکٹس اور قرضوں کے مواقع کے بارے میں ایسی ہی معلوماتی ویڈیوز تیار کریں۔

کاشت کاروں کی مالی خواندگی اور آگاہی کے متعلق تیار کی گئی ویڈیوز تک رسائی درج ذیل لنکس کے ذریعے رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔

موضوع	ویڈیو کی زبان	لنک
زرعی قرضوں کا عمومی جائزہ	ویڈیو1۔ اردو میں	https://www.sbp.org.pk/press/2022/Videos/Agri/Video-1.mp4
	ویڈیو2۔ سندھی میں	https://www.sbp.org.pk/press/2022/Videos/Agri/Video-2.mp4
	ویڈیو3۔ پشتو میں	https://www.sbp.org.pk/press/2022/Videos/Agri/Video-3.mp4
	ویڈیو4۔ بلوچی میں	https://www.sbp.org.pk/press/2022/Videos/Agri/Video-4.mp4
فارم شعبے کے قرضے	ویڈیو5۔ اردو میں	https://www.sbp.org.pk/press/2022/Videos/Agri/Video-5.mp4
غیر فارم شعبے کے قرضے	ویڈیو6۔ اردو میں	https://www.sbp.org.pk/press/2022/Videos/Agri/Video-6.mp4

****